سوال نمبر: 727

منجانب: جناب عدنان خان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبکاری و محاصل و انسداد منشیات ارشاد فرمائین گے کہ:

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| الف | آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائز کے پاس جن گاڑیوں کی رجسٹریشن کیلئے درخواستیں دی جاتی ہیں ان گاڑیوں کی کاغذات کی ویری فیکیشن کسٹم اتھارٹی سے کئیے جاتے ہیں؟ | جی ہاں ، یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائز کے پاس جن گاڑیوں کی رجسٹریشن کیلئے درخواستیں دی جاتی ہیں ، لوکل اسیمبلڈ (local Assembled ) گاڑیوں کی رجسٹریشن متعلقہ کمپنیوں سے کی جاتی ہےجبکہ باہر سے درآمد کی گئی گاڑیوں کے کاغزات کی ویری فیکیشن محکمہ کسٹمز سے کیجاتی ہے، |
| (ب) | اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ۔<br>(i) مذکورہ ویریفیکیشن کا طریقہ کار کیاہے؟ گزشہ دو سالوں میں کتنی گاڑیوں کی ویریفیکیشن ،رجسٹریشن ، اور خط وکتابت ہوئی ہے؟ | قانون کے مطابق مذکورہ ویریفیکیشن دو طریقوں سے کی جاتی ہے!<br>(i) جن گاڑیوں کا ریکارڈ کسٹم ڈیپارٹمنٹ آن لائن سسٹم (Weboc ) پر اپلوڈ کرتا ہے ، ان کی ویریفیکیشن آن لائن کی جاتی ہے ، اور جن کا ریکارڈ اپلوڈ نہیں کیا جاتا ان کی ویریفیکیشن خط و کتابت کے ذیعے کی جاتی ہے۔<br>(ii) گزشتہ دو مالی سالوں میں کل466 امپورٹڈ گاڑیوں کی رجسٹریشن ہوئی ہے جن میں 123 گاڑیاں آن لائن اور باقی 343 گاڑیوں کی ویریفیکیشن خط و کتابت کے ذریعے ہوئی ہے۔ |